44696-اصلی سرمہ آنکھوں کے لیے فائدہ مند ہے نہ کہ نقصان دہ

سوال

کیا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی آنکھوں کے لیے سرمہ استعمال کیا تھا، اور کیا اس کے متعلق کوئی حدیث آتی ہے ؟
امریکہ میں سرمہ لگانے سے منع کیا جاتا ہے (ان کا دعوی ہے کہ) یہ زہر کا باعث بنتا ہے، توکیا یہ صحیح ہے، میں استعمال کرنا چاہتا ہوں، کیونکہ میری نظر کمزور ہے ؟

پسندیدہ جواب

کئی ایک احادیث میں وارد ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے آنکھوں میں سرمہ لگایا اور سرمہ لگانے کا حکم بھی دیا، اسی سلسلہ میں مصنف ابن ابی شیبہ میں انس رضی اللہ تعالی عنہ سے درج ذیل حدیث مروی ہے :

" نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی دائیں آنکھ میں تین بار اور بائیں آنکھ میں دو بار سرمہ لگایا کرتے تھے "

اس حدیث کو علامہ البانی رحمہ اللہ نے السلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ حدیث نمبر (633) میں صحیح قرار دیا ہے،

اور نسائی اور ابوداود وغیرہ میں ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما سے مروی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

" تمہارے سرموں میں سب سے بہتر سرمہ اثمد ہے، یہ نظر کو صاف کرتا اور بال اگاتا ہے "

سنن نسائی حدیث نمبر (5113) سنن ابوداود حدیث نمبر (3837).

ابن قیم رحمہ اللہ کہتے ہیں :

" سرمہ میں آنکھ کی حفاظت ہوتی ہے، اور دیکھنے والی روشنی کو تقویت ملتی ہے، اور نظر صاف اور گندا اور ردی مادہ نکلتا ہے، اور اس کے ساتھ ساتھ آنکھ کو خوبصورتی دیتا ہے، اور سونے کے وقت استعمال کرنا اور بھی افضل ہے، کیونکہ سوتے وقت سرمہ لگانے کے بعد آنکھ کی نہ تو نقصان دہ حرکت ہوتی ہے، اور نہ ہی طبعی حرکت اور اثمد کو اس میں اور بھی خاصیت حاصل ہے "

دیکھیں : زاد المعاد (281/4).

اور المغنی میں درج ہے :

" اور طاق سلائی سرمہ لگانا مستحب ہے "

دیکھیں : المغنی ابن قدامہ (106/1).

اور المجموع میں ہے :

"ایک یا تین بار یعنی طاق سلائی سرمہ لگانے میں اختلاف ہے ایک قول یہ ہے کہ: ایک آنکھ میں طاق اور دوسری میں جفت لگایا جائے، تاکہ مجموعی طور پر طاق بن جائے.

اور صحیح یہ ہے جس پر محققین ہیں کہ ہر آنکھ میں طاق لگایا جائے، اس بنا پر سنت یہ ہے کہ ہر آنکھ میں تین بار لگایا جائے"

دیکھیں: المجموع (334/1).

فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح العثیمین رحمہ اللہ تعالی سے درج ذیل سوال کیا گیا:

بعض آئی اسپیشلسٹ کہتے ہیں کہ سرمہ آنکھ کو نقصان دیتا ہے، اور وہ سرمہ نہ استعمال کرنے کا مشورہ دیتے ہیں، اس سلسلہ میں آپ کی رائے کیا ہے؟

شیخ رحمہ اللہ کا جواب تھا:

"اثمد سرمہ کے بارہ میں معروف ہے کہ یہ آنکھ کے اچھا اور فائدہ مند ہے، اور اس کے علاوہ دوسرے سرمہ کے متعلق میں کچھ نہیں جانتا، اما نتدار قسم کے ڈاکٹروں سے اس سلسلہ میں ہم پوچھ سکتے ہیں.

کہا جاتا ہے کہ: یمامہ کی زرقاء جو تین دن کی مسافت کے فاصلہ سے دیکھتی تھی، جب اسے قتل کیا گیا تو انہوں نے دیکھا کہ اس کی آنکھوں کی رگیں اس اثمد کے ساتھ متاثر تھیں" اھ

دیکھیں: مجموع فتاوی ابن عثیمین جلد نمبر (17) باب التداوی و عیادۃ المریض.

اوپر کی سطور میں جو کچھ بیان ہوا ہے اس سے پتہ چلتا ہے کہ اچھا سرمہ آنکھوں کو نقصان نہیں بلکہ فائدہ دیتا ہے، لیکن ہو سکتا ہے سرمہ کی کچھ نئی قسمیں ایسی ہوں جن میں کیمائی مادہ شامل کیا گیا ہو جس سے جسم کو نقصان ہوتا ہو، اور سرمہ کے فوائد ختم ہو گئے ہوں.

اس لیے آج لوگ اصل سرمہ کی تلاش میں رہتے ہیں، اور مارکیٹ میں موجود ہر سرمہ کو مفید نہیں سمجھتے"

واللہ اعلم.